ادارہ

تعارف تبصرہ کتب

نام کتاب: کتاب الفتاوی (مکمل چھ جلد) افادات: حضرت العلامہ مولانا خالد سیف اللہ رحمانی زید مجدکم

قیمت: ۱۵۰۰/- ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب ایک ممتاز عالم دین اور معروف اہل قلم ہیں۔ آپ آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ کے رکن رکین اور ہند اسلامک فقہ اکیڈمی کے ناظم عمومی ہیں اور المعہد العالمی الاسلامی حیدر آباد کے موسس و ناظم ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو بے پناہ صلاحیتوں سے نوازا ہے۔ فقہ اسلامی پر آپ کو کافی عبور حاصل ہے اور خصوصاً جدید مسائل پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ اس لئے اہل علم کے ہاں آپ کی کتابیں نہایت ہی مقبول ہیں اس لئے جدید فقہی مسائل اور قاموس الفقہ ہر کتب خانے کی زینت ہے۔

زیر نظر کتاب کتاب الفتاویٰ جو حضرت مولانا صاحب کے فتاویٰ کا مجموعہ ہے۔ جس کو مولانا مفتی محمد عبداللہ سلیمان مظاہری صاحب نے ترتیب دی ہے۔ اگر چہ اردو زبان میں بہت سارے فتاویٰ شائع ہوئے ہیں مگر ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر ست کے مصداق ہے زیر نظر فتاویٰ بہت سارے خصوصیات کا حامل ہے مثلاً

(۱) اس فتاویٰ میں مدارج احکام کی رعایت کی گئی ہے (۲) متعدد فتاویٰ میں احوال الناس کی رعایت کو ملحوظ نظر رکھتے ہوئے جواب دیا گیا ہے۔ (۳) بعض فتاویٰ میں بوقت ضرورت دوسرے مذاہب کے فقہاء کرام کی آراء سے استفتاء کرتے ہوئے دوسرے مذہب پر عمل کی اجازت دی گئی ہے۔ (۴) چونکہ حضرت مولانا صاحب کے مزاج میں اجتہادی مسائل کے اندر توسع کا ہے اسلئے بعض فتاویٰ میں ضرورت کے تحت توسیع سے کام لیا گیا ہے۔

(۵) حتی الوسع عزیمت پر فتویٰ دیا گیا ہے۔ (۶) متعدد فتاویٰ میں حرام اور ناجائز کے متبادل جائز عمل کی نشاندہی کی گئی ہے۔ (۷) متعدد فتاویٰ میں حکم شرعی کو بیان کرنے کے ساتھ ساتھ ان احکام کی حکمت اور مصلحت بھی بیان کی گئی ہے۔ (۸) فتاویٰ میں مستفتی کی شخصی مصالح کو اور مزاج شریعت کو بھی سامنے رکھا گیا ہے۔ (۹) فتاویٰ میں تذکیر و ترغیب سے بھی کام لیا گیا ہے۔ جس سے حضرات کا داعیانہ مزاج نمایاں ہوتا ہے۔ (۱۰) فتاویٰ میں زبان سہل اور عام فہم استعمال کیا گیا ہے تاکہ کم پڑھے لکھے آدمی بھی اس کو باسانی سمجھ سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ جزائے خیر عنایت فرمائیں' مولانا مفتی محمد عبداللہ سلیمان مظاہری صاحب کو جنہوں نے اس عظیم علمی ذخیرے کو عمدہ انداز میں ترتیب دی اور ارباب ادارہ زمزم پبلشرز کراچی کو بھی سپاس اور جزائے خیر کے مستحق